# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: شہیدوں اور غازیوں کا دِن | |
| **مقاصد:** متن کو درست تلفظ، لَے اور آہنگ سے پڑھ سکیں۔ | | |
| **تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختۂ تحریر، کتاب "اردو پنجم"، گتے کا ڈبا، جس پر رنگ دار کاغذ چڑھا کر لکھا ہو "لفظی جیب"، ٹوکری، سبق "میں دیے گئے اہم الفاظ کی پرچیاں | | |

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرا جماعت میں داخل ہوتے ہی بچوں کو السلام علیکم کہیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کی ذہنی آمادگی کے لیے پوچھیں:

☆ پاکستان کا سب سے بڑا فوجی اعزاز کونسا ہے؟

☆ ایک شہید کا نام بتائیں جنہیں سب سے بڑا فوجی اعزاز دیا گیا؟

- بچوں سے جوابات لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- سبق کے آغاز سے پہلے ایک سرگرمی کریں۔
- کسی خالی ڈبّے پر رنگ دار کاغذ لپیٹ کر ایک ڈبا تیار کریں۔ اس پر لکھ دیں "لفظی جیب"۔
- سبق میں دیے گئے اہم الفاظ کی پرچیاں تیار کر لیں، جہاں ضروری ہو اعراب کا خاص خیال رکھیں اور وہ پرچیاں اس ڈبے میں ڈال دیں۔ بچوں کے مختلف گروہ بنا کر وہ لفظی جیب باری باری ان کے سامنے لے جائیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ اس میں سے ایک ایک پرچی اٹھا لیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ پرچیاں کھولیں اور ان پر لکھے ہوئے الفاظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔ جو بچہ درست تلفظ کے ساتھ لفظ پڑھے، اس کے لیے تالیاں بجوائیں۔ بعد ازاں وہ الفاظ بورڈ پر لکھ کر باآواز بلند پڑھائیں۔ اس کے بعد بچوں سے پرچیاں لے کر لفظی جیب میں ڈال کر اسے دیوار پر چسپاں کر کے لفظی دیوار بنا دیں۔
- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 44 کھلوائیں۔ جماعت کے بچوں کے مختلف گروہ بنا دیں اور ہر گروہ کو سبق کے مختلف حصے تفویض کر دیں۔
- بچوں سے باری باری تفویض کردہ پیراگراف یا جملوں کی باآواز بلند خواندگی کروائیں۔ جہاں بچوں کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آ رہی ہو تو اس کی اساتذہ رہنمائی کریں۔ علاوہ ازیں پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ بورڈ پر لکھتے جائیں اور جب بچہ

| |
|---|
| پیراگراف پڑھ لے تو اس کی اصلاح کریں۔ کیونکہ دورانِ پڑھائی کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔ اس سے بچے خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے پر جھجک محسوس کرتے ہیں۔<br>• مشکل الفاظ ساتھ ساتھ بورڈ پر لکھ کر بچوں کو ان کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔ |
| **اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ) سبق کے مختلف حصوں کی مختلف بچوں سے بلند خوانی کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ) سبق دہرا کر آئیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: شہیدوں اور غازیوں کا دِن | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی لکھ سکیں۔

سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو پنجم"، چارٹ کی بنی ہوئی مچھلیاں، آئس کریم اسٹکس

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔ بچوں سے گذشتہ روز کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔
- سبق میں سے کوئی سے چار مشکل الفاظ چن کر چارٹ کی بنی ہوئی مچھلیوں پر لکھیں اور انھیں ایک ٹوکری میں ڈال لیں۔
- بچوں کے دو گروہ بنا دیں۔ ایک گروہ میں سے کسی بچے کو بلائیں اور اسے آنکھیں بند کر کے ٹوکری میں سے ایک مچھلی اٹھانے اور اُس پر لکھا ہوا لفظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھنے کے لیے کہیں۔ جب وہ بچہ لفظ کا درست تلفظ ادا کرے تو **"جواب بتاؤ، انعام پاؤ"** کی تکنیک استعمال کریں۔ اس تکنیک میں مچھلی اُٹھانے والے بچے سے اس لفظ کا جملہ بنانے کے لیے کہیں۔ اگر وہ اس لفظ کا جملہ نہ بنا پائے تو جماعت میں سے کسی اور بچے کا نام لے کر اسے جملہ بنانے کے لیے کہیں۔ یہ تکنیک محض تدریس کو دل چسپ بنانے کے لیے ہے۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم کچھ نئے الفاظ اور ان کے معانی سیکھیں گے۔
- اب بورڈ پر تین کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" اور تیسرے میں "جملے" کی سرخی لکھیں۔ اب الفاظ والے کالم میں کتاب کے صفحہ نمبر 44 پر دیے ہوئے الفاظ میں سے ایک لفظ "سرمایہ" لکھیں اور بچوں سے اس کا درست تلفظ پوچھیں۔ اسی طرح یہ مشق نئے الفاظ کے تحت دیے گئے باقی الفاظ پر کروائیں۔ ساتھ ساتھ بچوں سے ان کا تلفظ پوچھیں، نہ آنے کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔ اب کوئی لفظ بولیں اور بچوں سے پوچھیں کہ کس بچے کو اس لفظ کا مطلب معلوم ہے کیونکہ بچے ان الفاظ کے معنی کر چکے ہیں۔؟ جو بچہ بتائے، اس کے لیے تالیاں بجوا کر حوصلہ افزائی کریں اور معانی والے کالم میں اس لفظ کے سامنے اس کا معانی لکھ دیں۔ اب بچوں سے اس لفظ کا جملہ بھی بتانے کے لیے کہیں۔ جو بچہ پہلے ہاتھ بلند کرے اسے بتانے کا موقع دیں۔ درست جملہ بتانے پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط بتانے کی صورت میں کسی

دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس کے بعد درست جملہ بورڈ پر جملے والے کالم میں لکھیں اور بچوں سے پڑھوائیں۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی الفاظ پر کروائیں۔

- اب بچوں کے 8 گروہ بنادیں۔ 8 آئس کریم اسٹکیں لیں جن پر ایک طرف کتاب کے صفحہ نمبر 44 پر دیے گئے الفاظ لکھے ہوں۔ ایک اسٹک پر ایک لفظ لکھا ہو۔ یہ اسٹکیں ایک ٹوکری میں رکھ کر باری باری ہر گروہ یا جوڑی کے سامنے لے جائیں اور انھیں اس میں سے کوئی سی بھی اسٹک اٹھانے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے کہیں کہ ان کے پاس جو اسٹک آئی ہے، اس پر لکھا ہوا لفظ پڑھیں اور اس کے سامنے اس کا معانی لکھیں۔ اس کے بعد آئس کریم اسٹک کی دوسری جانب اس لفظ پر مبنی ایک جملہ لکھیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ یا جوڑی سے باری باری ان کے لکھے ہوئے معانی اور جملے پڑھ کر سنانے کے لیے کہیں۔ جس گروہ نے درست معانی اور جملے لکھے ہوں گے، انھیں شاباش دیں۔
- اس سرگرمی کے لیے ایک چوکور ڈبّا جماعت میں آنے سے پہلے تیار کرلیں۔ ڈبے کی چاروں اطراف میں رنگ برنگ کاغذ چڑھالیں۔
- ڈبے کی اطراف میں کاغذ کی چھوٹی چھوٹی جیبیں بھی بنادیں۔
- مشق کے پانچ سوالات کی پرچیاں بنائیں اور وہ ان جیبوں میں ڈال دیں مگر جیبوں میں ڈالنے سے پہلے پرچیوں کو بند ضرور کردیں۔
- بچوں کے پانچ گروہ بنادیں۔ کسی ایک گروہ کے بچے کو بُلائیں اور اسے ڈبّا ایسے گھما کر زمین پر لڑھکانے کو کہیں جیسے لڈو کا دانہ پھینکا جاتا ہے۔ پھینکے جانے پر ڈبّے کی جو جیب اُوپر کی جانب آئے اُس کی جیب سے پرچی نکالیں اور بچے سے اُس پر لکھے ہوئے سوال کا جواب پوچھیں۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلط جواب پر دوسرے گروہ کے بچے کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہ کے بچوں سے بھی کروائیں۔ جو گروہ زیادہ سوالات کے درست جوابات دے گا، وہ جیت جائے گا۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) اب بورڈ پر تین کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" اور تیسرے میں "جملے" کی سرخی لکھیں۔ الفاظ والے کالم میں خاص الفاظ کے تحت دیے گئے لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو بلا کر ان سے الفاظ کے معانی اور جملے لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) بچوں سے کہیں کہ نئے الفاظ کے تحت دیے ہوئے الفاظ کاپیوں پر لکھیں اور انھیں جملوں میں استعمال کریں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: شہیدوں اور غازیوں کا دِن | |

**مقاصد:** درست جواب کے گرد دائرہ لگا سکیں۔

غلط درست فقرات کی نشان دہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مار کر / چاک، کتاب "اردو پنجم"، گھنٹی، سوال نمبر 3 سے متعلق جملوں پر مبنی پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں۔ بچوں کو السّلام علیکم کہیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔ گزشتہ روز کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔
- بچوں کے تین گروہ بنادیں اور ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلا کر انھیں ایک دائرے میں کھڑا کر دیں۔
- اب دائرے میں کھڑے ایک بچے کو گیند دیں۔ خود گھنٹی بجانا شروع کریں اور اس بچے سے کہیں کہ وہ گیند اگلے بچے کو دے دے۔ اس طرح سے بچے گیند ایک دوسرے کو دیتے جائیں۔ اچانک گھنٹی بجانا بند کر دیں۔ اس وقت گیند جس بچے کے ہاتھ میں ہو گی، اس بچے سے سبق کے سوال نمبر 1 کے تحت دیے ہوئے سوالات میں سے متعلق کوئی سوال پوچھیں۔ بچہ اس سوال کا جواب دے گا۔
- درست جواب پر اس گروہ کو دو نمبر مل جائیں گے اور غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کے بچے کو جواب بتانے کا موقع دیا جائے گا۔ اس طرح سے یہ سرگرمی کوئی سے تین سوالات پر مزید کروائیں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- بچوں سے کہیں کہ آج ہم پڑھائے گئے سبق سے متعلق درست جوابات کی شناخت کرنے کی سرگرمی کریں گے۔
- سوال 3 کے تحت دیے ہوئے جملوں کی پرچیاں بنائیں۔ پانچ کارڈ لیں، جن پر دو ممکنہ جوابات لکھے ہوں، جن میں سے تین غیر متعلقہ اور ایک جواب درست ہو۔ ایک جملے کے دو کارڈ اس حساب سے کل 10 کارڈ بنائیں۔ یہ کارڈ اور جملوں کی پرچیاں پلاسٹک کی تھیلیوں میں اس طرح سے ڈال دیں کہ ایک تھیلی میں ایک جملے اور اس سے متعلقہ ممکنہ جوابات کے کارڈ ہوں۔

- بچوں کو پانچ گروہوں میں تقسیم کریں اور انھیں یہ پلاسٹک کی تھیلیاں دے دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ تھیلیاں کھول کر ان میں سے جملوں کی پرچیاں اور ممکنہ جوابات کے کارڈ نکالیں۔ پھر سبق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی دائرہ لگا کر کریں۔ ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں۔ اس دوران میں بورڈ پر کتاب کے صفحہ نمبر 15 پر موجود سوال 3 کے تحت دیے ہوئے جملے اور ان کے ممکنہ جوابات لکھ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کوئی جملہ بولیں۔ جس گروہ کے پاس اس جملے پر مبنی پرچی آئی ہو گی، اس کا لیڈر آ کر بورڈ پر اس جملے کو تلاش کرے گا اور درست جواب کے گرد دائرہ لگائے گا۔ ساتھ ساتھ بچوں سے اس کی خواندگی بھی کرواتے جائیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی جملوں پر دوسرے گروہوں کے لیڈروں سے بھی کروائیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ کتاب پر دیا ہوا سوال نمبر 3 حل کریں۔ اس دوران میں ان کی رہنمائی کریں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) اب بورڈ پر سوال 3 کے تحت دیے ہوئے جملے اور ان کے ممکنہ جوابات لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو بلا کر ان سے درست جواب کے گرد دائرہ لگوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروایا گیا کام دہرا کر آئیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: شہیدوں اور غازیوں کا دِن | |

**مقاصد:** تصاویر کے بارے میں جملے سنا سکیں۔

الفاظ کی ترتیب درست کر کے جملے بنا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو پنجم" چار سے پانچ جملوں کے الفاظ پر مبنی چارٹ کے بنے ہوئے کارڈ، چھے مختلف رنگوں کے بٹن، ڈبا، کو کاغذ کی ایک ایک پرچی، گلو، بے ترتیب جملوں کے الفاظ پر مبنی پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔ بچوں سے گزشتہ روز کروائے گئے کام کے بارے میں دریافت کریں۔
- بورڈ پر چار سے پانچ جملوں کے الفاظ پر مبنی چارٹ کے بنے ہوئے کارڈ بے ترتیبی سے لگا دیں۔
- بچوں سے سوال کریں کہ کیا ان الفاظ کی ترتیب درست ہے؟ ہاتھ بلند کروا کے بچوں سے جواب لیں۔ کسی بچے سے کہیں کہ وہ بلند آواز میں پہلی سطر میں لکھے ہوئے الفاظ کو پڑھے۔ اب جماعت کے بچوں سے سوال کریں کہ کیا انھیں کوئی بات سمجھ میں آئی ہے؟ بچوں سے ان کے جواب لیں۔ اب اسی بچے سے الفاظ کی ترتیب کو درست کر کے جملہ لکھنے کے لیے کہیں۔
- اب دوبارہ بچوں سے سوال کریں کہ کیا اب انھیں بات سمجھ میں آئی ہے؟ بچوں سے ان کے جواب لیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی تمام جملوں پر کروائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- بچوں کو بتائیں اگرچہ ہم ہر لفظ کا مطلب بھی جانتے ہوں لیکن، اگر الفاظ کی ترتیب درست نہ ہو تو بات یا پیغام سمجھ میں نہیں آتا۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم الفاظ کی ترتیب کو درست کر کے جملہ سازی سیکھیں گے۔
- اب بچوں کے مختلف گروہ بنا دیں۔ بچوں کو ہدایت دیں کہ آپ باری باری کچھ بے ترتیب جملے بولیں گی یا گے، بچے غور سے جملے سنیں گے اور پھر ان کی ترتیب درست کر کے درست جملے بولیں گے۔ اب سوال نمبر 4 میں دیا گیا جملہ با آواز بلند بولیں اور وہ جملہ بورڈ پر بھی لکھ دیں تاکہ بچوں کے لیے آسانی ہو۔ جس گروہ کے بچے پہلے ہاتھ کھڑا کریں، انھیں درست جملہ سنانے کا موقع دیں۔ درست جملہ سنانے پر حوصلہ افزائی

اور غلط پر کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی جملوں پر کروائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

| | |
|---|---|
| اسکول نہ جاؤ تم کل | تم کل اسکول نہ جاؤ۔ |
| ہے کھو گیا قلم میرا | میرا قلم کھو گیا ہے۔ |
| میرے پیٹ میں ہے درد ہو رہا | میرے پیٹ میں درد ہو رہا ہے۔ |

- اب چھے مختلف رنگوں کے بٹن ایک ایسے ڈبے میں ڈالیں جن میں اِن کا رنگ دکھائی نہ دے۔
- بچوں سے کہیں کہ ایک ایک بٹن اُٹھائیں اور اپنی مٹھی میں چھپالیں تاکہ کوئی اور اِن کا رنگ نہ دیکھ سکے۔ جب تمام بچے بٹن اُٹھالیں تو انھیں ہدایت دیں کہ ایک رنگ کے بٹنوں والے بچے ایک گروہ بنالیں۔
- اس سرگرمی سے بچے چھے گروہوں میں تقسیم ہو جائیں گے۔ اب تمام گروہوں کو کاغذ کی ایک ایک پرچی، گلو اور پہلے سے سوال نمبر 6 میں دیے گئے بے ترتیب جملوں کے الفاظ پر مبنی پرچیاں بانٹ دیں۔ بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ الفاظ کو درست ترتیب سے گلو کی مدد سے پرچی پر چسپاں کر کے جملہ بنائیں۔ اس کام کے لیے بچوں کو مخصوص وقت دیں۔
- وقت ختم ہونے کے بعد ہر گروہ اپنا اپنا بنایا ہوا جملہ جماعت میں سنائے۔ جو گروہ پہلے اور درست جملہ بنائے، اُس کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- اب سوال نمبر 5 میں دی گئی تصاویر پر بات چیت کریں بعد ازاں بچوں کو تین تین جملے سنانے کے لیے کہیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) سوال نمبر 6 میں دیے گئے بے ترتیب والے جملے لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو بلا کر ان سے الفاظ کی ترتیب درست کروا کر جملے مرتب کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروایا گیا کام دہرائیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت:پنجم | مضمون:اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام:شہیدوں اور غازیوں کا دِن | |

**مقاصد:** جمع کو واحد میں تبدیل کر سکیں۔

رموزِ اوقاف سکتہ اور استفہامیہ کا استعمال کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو پنجم"، گیند، جس پر الفاظ "ہوا، مسجد، کتاب، طریقہ" کی چٹیں اس طرح سے لگی ہوں کہ ان پر لکھے ہوئے الفاظ نظر نہ آئیں، عبارت پر مبنی پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں اور اپنی پرجوش آواز میں بچوں کو السلام علیکم کہیں ور اُن کا حال دریافت کریں۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم ایک دل چسپ سرگرمی کریں گے۔
- بچوں کے چار گروہ بنا دیں اور ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلا کر انھیں ایک دائرے میں کھڑا کر دیں۔ اب دائرے میں کھڑے ایک بچے کو کوئی گیند دیں، جس پر الفاظ "ہوا، مسجد، کتاب، طریقہ" کی چٹیں اس طرح سے لگی ہوں کہ ان پر لکھے ہوئے الفاظ نظر نہ آئیں۔
- خود گھنٹی بجانا شروع کریں اور اس بچے سے کہیں کہ وہ گیند اگلے بچے کو دے دے۔ اس طرح سے بچے گیند ایک دوسرے کو دیتے جائیں۔ اچانک گھنٹی بجانا بند کر دیں۔ اس وقت گیند جس بچے کے ہاتھ میں ہو، گیند پر لگی ہوئی چٹوں میں سے ایک چٹ اتار کر اس بچے سے اس لفظ کا جمع لفظ پوچھیں۔ درست جواب پر اس گروہ کو دو نمبر مل جائیں گے اور غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کے بچے کو جواب بتانے کا موقع دیا جائے گا۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی الفاظ پر بھی کروائیں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:**(20منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم واحد الفاظ اور ان کی جمع لکھنے کی سرگرمی کریں گے۔
- اب بورڈ پر سوال نمبر 8 میں دیا گیا پیراگراف لکھیں۔ بچوں سے عبارت درست تلفظ سے پڑھوائیں۔ کچھ بچوں کو بُلائیں اور انھیں سبز مارکر دے کر متن میں سے واحد الفاظ پہچان کر مارکر کے ذریعے سے دائرہ لگا کر نمایاں کرنے کو کہیں۔

پیراگراف:

ایک جنگل میں بہت سے شرارتی بندر رہتے تھے۔جنگل سے گزرنے والے مسافران کی شرارتوں سے بہت پریشان ہوتے تھے۔ایک مرتبہ کچھ مسافرجنگل سے گزرے، جیسے ہی انھوں نے آرام کرنے کی غرض سے سامان نیچے رکھا۔ بندرفوراً درختوں سے نیچےاترےاوران کا سارا سامان اُٹھا کرلے گئے۔مسافر بہت پریشان ہوئے۔آخرانھوں نے بندروں سے سامان واپس لینے کا ایک طریقہ سوچااور ہاتھوں میں پکڑی ہوئی چیزیں زمین پر پھینک دیں۔ بندروں نے ان کی دیکھا دیکھی اپنی چیزیں بھی پھینک دیں۔مسافروں نے جلدی جلدی اپنی چیزیں اُٹھائیں اورجنگل سے باہرنکل گئے۔

- اب بچوں سے نمایاں کیے گئے جمع کے واحد پوچھیں۔
- اب جمع الفاظ کے واحد الفاظ پر مبنی بورڈ پر ایک طرف عبارت دوبارہ لکھیں بچوں سے عبارت دوبارہ پڑھوائیں۔جمع الفاظ کے واحد الفاظ بتائیں ۔
- اب بچوں کے مختلف گروہ بنادیں۔ انھیں سوال نمبر 6 میں دی گئی عبارت پر مبنی پرچیاں دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ عبارت پرھیں۔اس میں سے جمع الفاظ تلاش کر کے ان کے گرد دائرہ لگائیں اور پرچی کی دوسری جانب جمع الفاظ اور ان کے واحد الفاظ لکھیں۔اس کے لیے انھیں تھوڑا وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ کو اپنے لکھے ہوئے جمع اور واحد الفاظ بتانے کے لیے کہیں۔ سرگرمی کے اختتام پر جیتنے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔
- بچوں کو بتائیں کہ جملوں کے درمیان میں ایک علامت لگائی جاتی ہے۔اب بچوں کو علامت سکتہ کا کارڈ دکھائیں اور اس کا نام بھی بتائیں۔بچوں کو بتائیں کہ علامت سکتہ ایک چھوٹے سے وقفے کے طور پر استعمال کی جاتی ہے۔جہاں یہ علامت استعمال ہوتی ہے وہاں ہلکا سا ٹھہر کر یا رک کر آگے جاتے ہیں۔
- اب مثالوں کے ذریعے سے وضاحت دیں۔بورڈ پر چار سے پانچ جملے لکھیں۔ان کے درمیان میں علامتِ سکتہ لگائیں۔اب ان جملوں کی خواندگی بچوں سے کروائیں۔بچوں کو تاکید کریں کہ جہاں سکتے کی علامت آئے وہاں تھوڑی دیر توقف کریں۔
- اب بورڈ پر جملے لکھیں:

| | |
|---|---|
| خلوص، محبت اور ہم دردی؛ یہ سب اس شخصیت کا حصہ | گیندا، گلاب، چنبیلی اور موتیا؛ ہر طرف بہار دکھا رہے |

- اب بورڈ پر جملے لکھیں: ☆ آپ کا کیا نام ہے؟ ☆ گاڑی کب آئے گی؟
- بچوں کو بتائیں اوپر دیئے گئے جملوں میں علامتِ استفہام (؟) استعمال کی گئی ہے۔جن جملوں میں کوئی بات یا سوال پوچھا جائے انھی استفہامیہ جملے کہتے ہیں۔

| |
|---|
| • سوال نمبر 9 میں دیئے گئے جملوں کو بورڈ پر لکھیں۔ اور کتاب کا کام مکمل کروائیں۔ |
| **اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5منٹ) متفرق بچوں سے تختۂ تحریر پر لکھے گئے پیراگراف میں سے واحد الفاظ کی جمع زبانی طور پر بنوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کروایا گیا سبق دہرائیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم:یونٹ:1 | جماعت:پنجم | مضمون:اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام: شہیدوں اور غازیوں کا دِن | |

**مقاصد:** دیئے گئے موضوع پر دس جملے لکھ سکیں۔
تصویری کتابچہ بنا سکیں۔
تاریخی موضوعات پر درست لب ولہجے پر تقریر کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو پنجم"، شہیدوں اور غازیوں کی تصویریں،، تھیلیاں، گلو، سادہ شیٹیں، پنچ مشین

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو السّلام علیکم کہیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں کے ساتھ ذہنی آزمائش کا کھیل کھیلیں۔ سبق سے متعلق سوالات پر مبنی پرچیاں تیار کر لیں۔ بچوں کے دو گروہ بنا دیں اور ہر گروہ کو ایک ایک سیٹی دے دیں۔
- اب پرچیوں میں سے کوئی پرچی کھول کر اس پر لکھا ہوا سوال پوچھیں۔ جو گروہ پہلے سیٹی بجائے، اسے جواب دینے کا موقع دیں۔ ایک سوال کا درست جواب دینے کے دو نمبر ہیں۔
- درست جواب دینے کی صورت میں اس گروہ کو دو نمبر مل جائیں گے اور غلطی کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- اب بورڈ پر لکھیں:

☆ بہادری کے موضوع پر دس جملے لکھیں۔

- اب بچوں سے سوال کا جواب پوچھیں۔ تمام بچوں کو اظہار خیال کا موقع دیں۔
- اس دوران میں مشکل الفاظ ساتھ ساتھ بورڈ پر لکھ دیں۔ جن بچوں کا جواب ایک ہی ہو، ان کی ایک ہی جوڑی یا گروہ بنا دیں۔ اب انھیں سادہ شیٹیں دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ مل کر پوچھے گئے سوال کا جواب لکھیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔

- اس دوران میں جہاں بچوں کو کوئی مشکل پیش آئے، ان کی رہنمائی کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ بورڈ پر لکھے ہوئے الفاظ سے بھی مدد لے سکتے ہیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ یا جوڑی کے بچوں کو بلائیں اور انھیں اپنا لکھا ہوا جواب سنانے کے لیے کہیں۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلط پر اصلاح کریں۔ مشکل الفاظ ساتھ ساتھ بورڈ پر لکھ کر بچوں سے ان کی خواندگی بھی کرواتے جائیں۔ اسی طرح سے یہ سرگرمی باقی جوڑیوں یا گروہوں سے کروائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔
- اب دونوں گروہوں کو رنگدار شیٹیں، تفویض کردہ کی تصویریں، گلو اور رنگدار مار کر دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ شہیدوں اور غازیوں کی تصویریں شیٹوں پر گلو کی مدد سے چسپاں کر کے ان کے نیچے ان کے نام لکھیں اور پھر ان سے متعلق ایک ایک جملہ لکھیں۔ اس دوران میں ان کی مدد اور رہنمائی کریں۔
- جب ہر گروہ اپنا اپنا کام مکمل کر لے تو پھر ان معلومات کو اکٹھا کر کے ان کی مدد سے کتابچہ بنانے میں بچوں کی مدد کریں۔
- کام مکمل ہونے کے بعد سب بچوں کے تمام صفحات کو اکٹھا کر کے اس میں پنچ مشین سے سوراخ کر لیں۔ اس میں ایک میٹل رنگ ڈال کر ایک البم بنا دیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔ ان کے بنائے ہوئے البم کو لائبریری میں رکھیں تاکہ دوسرے بچے بھی ان سے استفادہ کر سکیں۔
- بچوں سے پوچھیں کہ کیا انھوں نے موضوع سے معلوماتی مواد پڑھا ہے؟
- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم موضوع سے متعلق تقریر کرنے کی سرگرمی کریں گے۔ تختۂ تحریر پر عنوان لکھیں۔ "سرحدوں کے محافظ"
- موضوع سے متعلق گروہی صورت میں بچوں کی تقاریر تیار کروائیں، یاد رہے کہ ایک گروہ سے کوئی ایک طالب علم تقریر تیار کر کے پیش کرے۔
- بعد میں طلبہ سے پوچھیں کہ کس طالب علم کی تقریر ان کو اچھی لگی اور کس کی اچھی نہیں لگی؟ پسندیدگی اور ناپسندیدگی کی وجہ بھی پوچھیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) مختلف بچوں سے بہادری سے متعلق جملے بورڈ پر لکھوائیں یا سنیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروایا گیا کام دہرائیں۔